سوال

(324) صوفیہ کی ایک بدعی تلقین

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وقت تلقین صوفیہ کرام مریدوں کو یہ تلقین کرتے ہیں۔ کہ تم اپنے دل کے اندر خدا کا تصور کرو اور ضرب "اللہ، اللہ" کا مارو، زبان کو جنبش نہ ہو۔ اس ترکیب سے دل ذاکر ہو جاتا ہے اور تجربہ سے بھی یہ بات دیکھی گئی ہے، پس شریعت سے اس بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو طریقہ اس سوال میں مذکور ہے، جہاں تک میں جانتا ہوں یہ کوئی اسلامی طریقہ نہیں ہے، بلکہ یہ طریقہ غیر ملت والوں سے ماخوذ ہے، جیسا کہ کتاب "بستان المذاہب" سے واضح ہوتا ہے۔ کسی آیت یا حدیث میں یہ طریقہ تلقین نہیں بتایا گیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04